© rasailojaraid.com

خیال آنے لگا، مذہبی درندوں کی یلغار میں حفاظتی دستوں کے ایک ایک جرنیل کو یکے بعد دیگرے یونہی جلا دیے کا مقصد اس کے بغیر کیا ہی کیا جا سکتا ہے۔ کہ اسلام کے نام لیوا بھیڑیوں کے حق میں ترلہ ماتولی کا فیصلہ کیا جا چکا ہے۔ اعاذنا اللہ منہ ۔ خدا کا شکر ہے کہ ایک مکتوب کے ذریعہ حضرت افغانی مدظلہ اور الحق بابت اگست ۱۹۷۲ء کے ذریعہ حضرت شیخ الحدیث مدظلہ کی صحت یابی کی اطلاع مژدہ جاں فزا ثابت ہوا۔ حق تعالیٰ سبھی حضرات کو تا زیست مزید با مسرت رکھے آمین ـــــ الحق کی بلند پروازی اور روز افزوں محبوبیت سے دل میٹھا ہی ہوتا ہے۔ والحمد للہ اداریہ میں بفضل اللہ غضب کی جان ہوتی ہے۔ ہر اداریہ پر مبارکباد دینے کو دل چاہتا ہے۔ جولائی کے اداریہ کو پڑھ کر فوراً ہی مسئلہ کلیم کی تفصیلات ارسال کرنے گویا بطور انعام پیش کرنے کا ارادہ ہوا۔ مگر ــــــ

خاندانی منصوبہ بندی والوں سے کہہ دیجئے کراچی میں پچاس فیصد لوگ آج کل اسی مرض (نارو) میں مبتلا ہیں اور عدم اشتہا میں سب یکساں، فرمائیے غلہ کا یہ بچاؤ اسٹاک کہاں پہنچایا جا رہا ہے۔ کیا مرض نارو (غلہ بچاؤ) کی یہ تحریک تخم انسانی کے دلدادوں کو غور و فکر کی دعوت نہیں دے رہی ــــ ؟ نارو بفضل خدا آپ کے علاقہ میں نہیں ہوگا۔ اس لئے مختصر عرض ہے۔ کہ یہ ایک سخت ترموزی لمبا کیڑا ہوتا ہے۔ تقریباً دو اڑھائی فٹ تک طویل ہو جاتا ہے۔ پھر ایام گرما میں جسم کے کسی حصہ سے نکلنا شروع کرتا ہے۔ تو ورم، درد، بخار اور تلخی دہن اور عدم اشتہا اس کا لازمی نتیجہ ہوتا ہے۔ مرض دو تین ماہ تک بھی طویل ہو جاتا ہے۔

پچھلے اداریہ میں آپ نے مرض غفلت مدعیان علم و تقویٰ کو جھنجوڑتے ہوئے تحریر فرمایا ہے۔ کہاں ادیں بسم اللہ کے گنبد میں ـــ الخ جہاں تک یاد پڑتا ہے۔ حکیم الامۃ حضرت تھانویؒ نے اس جملہ کے استعمال پر خاصی گرفت فرمائی ہے۔ مگر نہ محل اور موقعہ اس وقت یاد ہے اور نہ تفصیل ـــــ

تجارتی فرم میں حضرت اقدس مدظلہ کا خطاب نہایت معیاری معلومات افزا اور جیسا کہ چاہیئے محققانہ ہے، جزاہم اللہ تعالیٰ۔ ابتداء مضمون میں ایک جملہ کہ آمدنی اور نقصان بٹائی کے طریقہ پر دونوں کو ملے " کی حاشیہ پر وضاحت ہو جاتی تو کسی کو یہ شبہ نہ پڑتا کہ مضاربت صحیحہ میں مضارب بھی نقصان کا ذمہ دار ہوتا ہے ـــ

(عبدالکریم عفی عنہ ۔ نجم المدارس کراچی)

نوٹ: ادارۂ الحق حضرت قاضی صاحب مدظلہ کی صحت و عافیت کیلئے دست بدعا ہے۔ اور قارئین سے بھی دعائی درخواست کی جاتی ہے